# غزالی نیوز

GHAZALI EDUCATION TRUST

**القرآن** : کیا وہ ایک شخص جو یہ علم رکھتا ہو کہ آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے جو اتارا گیا ہے وہ حق ہے اس شخص جیسا ہو سکتا ہے جو اندھا ہو، نصیحت تو وہی قبول کرتے ہیں جو عقلمند ہوں۔

(الرعد۔۱۹)

**الحدیث** : اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے کوئی آدمی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک اپنے بھائی کیلئے وہی کچھ پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

(عن انس۔ بخاری و مسلم)

جولائی 2001ء    شمارہ 4    قیمت 5 روپے

نئے تعلیمی سیشن کے آغاز پر غزالی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل GET سید وقاص انجم جعفری نے کہا کہ دیہی پاکستان میں علم کے نور کو پھیلانے ، ناخواندگی ، غربت اور معاشرتی اور تعلیمی استحصال کے خاتمے کی عظیم جدوجہد کا آغاز پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) کے عنوان سے 1997ء میں ہوا۔ 3 اضلاع ،22 سکولز اور 22 اساتذہ کے ساتھ شروع ہونے والے تعلیمی سفر کا دائرہ کار 22 اضلاع 176 سکولز، 9142 طلبہ اور 433 اساتذہ تک پھیل چکا ہے۔ سیکرٹری جنرل نے کہا یہ دیہی پاکستان کا سب سے بڑا منظّم اور ہمہ گیر تعلیمی نیٹ ورک ہے۔ بارگاہ رب العزت کی بے پایاں تائید و نصرت، انتھک، بے لوث مخلص اور پر عزم ٹیم، چیک اینڈ بیلنس کا موثر نظام، رابطے کے جدید ذرائع کا استعمال، شعبہ جات کی بھرپور کارکردگی، اہل وطن کی بھر پور معاونت اور دعائیں ہی در حقیقت اس عظیم تعلیمی جد و جہد کا اثاثہ ہیں۔ سیکرٹری جنرل نے مزید کہا کہ مستقبل کا منظر نامہ بھی واضح ہے۔ انشاء اللہ آئندہ دس سالوں میں دیہی پاکستان میں ہزاروں کھلنے والے سکولز اور ان سے وابستہ لاکھوں طلبہ تعمیر و تزئین پاکستان میں اہم کردار ادا کریں گے۔ نئے تعلیمی سیشن کا جائزہ پیش کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ 45 نئے سکولز کا قیام، طلبہ اور اساتذہ کی PREP سے نئی وابستگی اس عظیم تعلیمی جدوجہد پر اعتماد کا مظہر ہے۔ اور ہم امید کرتے ہیں کہ PREP کے عنوان سے ہونے والی یہ تعلیمی جدوجہد ضرور کامیاب ہوگی اور دیہی پاکستان کا ہر گوشہ علم کے نور سے مہکے گا۔


## تعلیمی سیشن 2001ء میں نمایاں پیش رفت

| نمبر شمار | ضلع | سکولز | طلبہ | اساتذہ | یتامیٰ | مستحق |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جہلم | 1 | 88 | 5 | 9 | 45 |
| 2 | نارووال | 2 | 56 | 2 | 2 | 5 |
| 3 | راولپنڈی | 6 | 130 | 7 | 3 | 18 |
| 4 | چکوال | 8 | 333 | 17 | 8 | 48 |
| 5 | لاہور | 3 | 175 | 6 | 3 | 50 |
| 6 | سرگودھا | 12 | 674 | 30 | 6 | 138 |
| 7 | بھکر | 3 | 146 | 8 | 8 | 26 |
| 8 | بہاولپور | 6 | 108 | 6 | 6 | 12 |
| 9 | میانوالی | 6 | 374 | 19 | 8 | 25 |
| 10 | منڈی بہاؤالدین | 9 | 506 | 25 | 6 | 190 |
| 11 | مظفر گڑھ | 4 | 118 | 5 | 3 | 47 |
| 12 | وہاڑی | 5 | 61 | 5 | 7 | 10 |
| 13 | ٹوبہ ٹیک سنگھ | 11 | 367 | 18 | 11 | 54 |
| 14 | جھنگ | 11 | 645 | 32 | 19 | 102 |
| 15 | رحیم یار خان | 14 | 699 | 37 | 26 | 144 |
| 16 | فیصل آباد | 26 | 1747 | 74 | 46 | 464 |
| 17 | ڈیرہ غازیخان | 6 | 213 | 11 | 12 | 103 |
| 18 | ملتان | 6 | 168 | 8 | 6 | 541 |
| 19 | گجرات | 17 | 1359 | 64 | 50 | 527 |
| 20 | خوشاب | 11 | 619 | 30 | 17 | 164 |
| 21 | شیخوپورہ | 9 | 556 | 24 | 22 | 106 |
| | کل تعداد | 176 | 9142 | 433 | 278 | 2332 |

## سٹوڈنٹس ایڈ پروجیکٹ (SAP)

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے مستحق، نادار اور یتامیٰ طلبہ کی مکمل تعلیمی ضروریات کی فراہمی کا اہتمام کیا ہے۔ اس کیلئے باقاعدہ شعبہ (SAP) بنایا گیا ہے جس کے تحت معاشرہ کے حساس، درد دل رکھنے والے اور مخیّر حضرات کو ان طلبہ کی تعلیمی کفالت کیلئے کہا جاتا ہے۔ تاکہ یہ طلبہ بھی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

اس ضمن میں چند سالوں میں 2332 طلبہ پر لاکھوں روپے کی خطیر رقم خرچ ہو چکی ہے۔ ہمارے معاشرہ میں درد دل رکھنے والے بہت سے افراد اور ادارے موجود ہیں جو کہ اس اہم معاشرتی ضرورت کو سمجھتے ہیں اور اپنا بھرپور اور فعال حصہ ادا کرتے ہیں۔




Student Aid Project

## غزالی سکول سسٹم
### شادن لنڈ کی تعمیرات کا سنگ بنیاد

چیئر مین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ حافظ محمد ادریس نے غزالی سکول سسٹم شادن لنڈ ضلع ڈیرہ غازی خان میں سکول بلڈنگ کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر غزالی سکول میں پڑھنے والے طلباء و طالبات کے والدین کی کثیر تعداد کے علاوہ سرپرست غزالی سکول سسٹم ضلع ڈیرہ غازی خان رشید احمد خان ایڈووکیٹ، ڈسٹرکٹ مینجر سکولز غناء محمد گجر اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیئر مین GET نے غزالی سکول کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اساتذہ کی کارکردگی کو سراہا اور بچوں کی احسن تعلیم و تربیت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

## مشاورتی کونسل شمالی پنجاب

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی مشاورتی کونسل برائے شمالی پنجاب کا ایک اہم اجلاس 15 جون کو پاکستان انٹرنیشنل پبلک سکول مری میں ہوا۔ میٹنگ میں وائس چیئر مین GET اشتیاق احمد گوندل، سیکرٹری جنرل GET سید وقاص انجم جعفری اور عامر محمود چیمہ نے خصوصی شرکت کی۔ اس کے علاوہ شرکائے اجلاس حافظ تنویر احمد نصر اقبال چوہدری، حاجی غلام نبی عباسی، سید عامر محمود اور سجاد ظہیر شامل تھے۔

اجلاس کے شرکاء نے شمالی پنجاب کی سالانہ کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور آئندہ سال کے اہداف کا تعین کیا۔

## سیکرٹری جنرل کا دورہ بہاولپور اور منڈی بہاؤ الدین

سید وقاص انجم جعفری سیکرٹری جنرل GET کی بہاولپور میں معززین شہر کے ساتھ ایک نشست عبدالمتین چوہدری کی رہائش گاہ پر منعقد ہوئی۔ اس نشست میں غزالی سکول سسٹم ضلع بہاولپور کے دیہاتوں اور قصبوں کو علم وعمل کی شاہراہ پر گامزن کرنے کے عزم وارادہ اور منصوبہ عمل کا خیر مقدم کیا گیا۔ سید وقاص انجم جعفری نے تفصیل کے ساتھ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا تعارف کرایا۔ معززین شہر نے ٹرسٹ کی اب تک کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ ڈسٹرکٹ مینجر بہاولپور حفیظ الرحمان بھی اس موقع پر موجود تھے۔

✿ 23-24 جون کو غزالی سکول سسٹم ضلع منڈی بہاؤ الدین کا دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے ٹرسٹ کے مقامی سرپرست ومعاون جناب محمد ریاض فاروق ساہی سے ملاقات کی اور غزالی سکول سسٹم ڈھوک کاسب اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا۔

بعد ازاں 24 جون کو یوم رحمت کے حوالے سے تین سکولز غزالی سکول سسٹم شاہ سرست ہیل، گنجہ کے درمیان منعقدہ تقریری، نعتیہ مقابلوں میں شرکت کی اور غزالی سکول سسٹم گنجہ کی نئی حاصل شدہ خوبصورت بلڈنگ کا افتتاح بھی کیا۔ اس دورہ کے دوران انکے ہمراہ ڈسٹرکٹ مینجر ضیاء اللہ شاہین بھی تھے۔

## LACD کے ذرائع کے مطابق

❖ ڈائریکٹر LACD مشتاق احمد مانگٹ نے 19 جون کو غزالی سکول سسٹم فیصل آباد شمالی میں 97 گ۔ب، 100 گ۔ب اور 195 ر۔ب کا دورہ کیا، عمارات کے جائزے کے ساتھ ساتھ کلاسز میں جا کر تعلیمی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ ڈائریکٹر LACD نے غزالی گرلز ہائی سکول 93 گ۔ب کا بھی تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر پراجیکٹ مینجر علی احمد گورایہ صاحب نے تعمیرات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ غزالی سکول سسٹم 195 ر۔ب کے دورہ کے موقع پر علاقہ کی معروف شخصیت ڈاکٹر طفیل سعید بھی موجود تھے۔

❖ محمد زاہد چوہدری نے شہید الحق ظفر ڈسٹرکٹ مینجر لاہور کے ہمراہ غزالی سکول سسٹم کالر کا دورہ کیا۔ جہاں تعمیرات کے کام کا معائنہ کیا گیا۔ بعد ازاں غزالی سکول سسٹم ہردیو ضلع شیخوپورہ کا دورہ کیا۔ محمد زاہد چوہدری سپروائزر شعبہ حصول اراضی وتعمیرات نے ضلع جھنگ کے سکولز کا دورہ کیا۔ اس دوران وہ کشمیر کالونی، جنڈ بھروانہ، چیلہ اور رجانہ گئے ان کے ہمراہ ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ افتخار شیخ بھی تھے۔

## غزالی کالج برائے خواتین لاہور کا قیام

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کے کامیاب تجربہ کے بعد غزالی کالج برائے خواتین لاہور بھی نئے تعلیمی سال سے اپنے سفر کا آغاز کر رہا ہے۔ عامر محمود چیمہ جو کہ ٹرسٹ میں مختلف ذمہ داریاں ادا کرتے رہے ہیں کو کالج کا پراجیکٹ ڈائریکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ کالج کے متعلق ابتدائی معلومات فون: 0333-4223347 سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## سمر کیمپ

غزالی سکول سسٹم میں تعطیلات گرما کے حوالے سے سمر کیمپ کا آغاز کیا گیا۔ غزالی نیوز کے مطابق کثیر تعداد میں طلبہ وطالبات فری سمر کیمپ سے استفادہ کر رہے ہیں۔ سمر کیمپ کا دورانیہ روزانہ 2 سے 3 گھنٹے پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس ضمن میں غزالی سکول سسٹم کے منتخب اساتذہ کے علاوہ دیگر اساتذہ کی خدمات بھی حاصل کی گئیں۔ پنجاب کے دیہی علاقوں میں اس تعلیمی سہولت کو سراہا جا رہا ہے۔ غزالی نیوز کو اب تک موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق مندرجہ ذیل سکولز میں سمر کیمپ کا آغاز ہو چکا ہے۔

- **وہاڑی:** غزالی سکول سسٹمز کالیہ شاہ، چک نمبر 159/WB، چک نمبر 57/WB، چک نمبر 59/WB
- **مظفر گڑھ اور ڈیرہ غازیخان:** غزالی سکول سسٹمز بستی گھمن، دورھٹہ، شادن لنڈ، کریم والا، سنجر سیداں اور مہر پور
- **شیخوپورہ:** غزالی گرلز ہائی سکول ہردیو، غزالی سکول سسٹمز، ہردیو، صفدر آباد، عبداللہ پور، رتی بٹی، کالر
- **گجرات:** غزالی سکول سسٹمز خواص پور، کٹھالہ، نندووال، مکیانہ،
- **اسلام آباد:** غزالی سکول سسٹمز پنڈ بیگوال، کوٹ ہتھیال
- **منڈی بہاؤ الدین:** غزالی سکول سسٹمز میانوالی رانجھا، سندا، گھرکو، واڑہ بالیاں، گنجہ
- **رحیم یار خاں:** غزالی سکول سسٹمز پنڈت ڈوری، جن پور، چک نمبر 173-P، ہیئر حسین آباد، بستی ترک، ہیڈ لنجی وار، بستی غلام قادر خان، بستی مراد پور، رکن پور۔
- **ملتان:** غزالی سکول سسٹمز علی والا، سکندر آباد، چاہ ملا، احمد والا، موہن پور، کلیچ پور، مٹوٹلی
- **فیصل آباد شمالی:** گرلز ہائی سکول 93۔گ ب

## PTC میٹنگ

غزالی سکول سسٹم مستالہ ضلع راولپنڈی میں 14 جون کو PTC میٹنگ ہوئی جس میں 25 والدین نے شرکت کی۔ میٹنگ میں سکول کے طلبہ نے نظمیں اور ترانے پڑھے، پرنسپل صاحب نے سکول کی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ والدین نے سکول کی کارکردگی کو سراہا اور اپنے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## اعزاز

غزالی سکول سسٹم 100 گ ب جج والا تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد نے تعلیمی کامیابیوں کے تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے امسال بھی ضلع بھر کے غزالی سکولز میں اول پوزیشن حاصل کی۔ K-C میں چار طلبہ نے سوفیصد نمبر حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ کلاس اول میں 5 طلبہ اور کلاس دوئم کے 8 طلبہ نے بھی سوفیصد نمبر حاصل کرتے ہوئے پہلی پوزیشنیں حاصل کیں۔ اہل علاقہ نے سکول کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے غزالیئن کو 3 ہزار روپے، اور اسی طرح غزالی سکول سسٹم بچیانہ منڈی کو بھی اعلیٰ کارکردگی کی بناء پر 3700 روپے کے نقد انعامات سے نوازا گیا۔

## بزم غزالی

غزالی سکول سسٹم خواص پور ضلع گجرات میں بزم غزالی کا قیام عمل میں لایا گیا۔ بزم کے تحت باقاعدہ شیڈول کے مطابق ترانوں، ملی نغموں، نعتوں اور تقریروں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ امید ہے بزم غزالی ننھے غزالیئن میں تحریر وتقریر اور نظم وضبط، تعظیم اساتذہ اور دیگر مفید صلاحیتوں کے اجاگر ہونے کا باعث بنے گی۔

## یوم رحمت


24 جون کو یوم رحمت کے سلسلہ میں غزالی سکول سسٹم گنجہ میں تین غزالی سکولز (گنجہ، شاہ سرمست، ہیل) کے طلباء وطالبات کے درمیان درج ذیل مقابلہ جات منعقد کئے گئے۔ تقریری مقابلہ، نعتیہ مقابلہ، کوئز مقابلہ۔ 10 طلباء وطالبات پر مشتمل ٹیم نے ان مقابلوں میں حصہ لیا اور اپنی کارکردگی پیش کی۔ نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والے بچوں میں جنرل سیکرٹری GET سید وقاص انجم جعفری نے انعامات تقسیم کئے۔ جبکہ جج کے فرائض ایڈمن آفیسر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ محمد عارف اور DMS غزالی سکول سسٹم ضیاء اللہ شاہین نے سرانجام دیئے۔


## پرنسپل صاحبان کا دورہ GSS چک 74 جنوبی


غزالی سکول سسٹم ضلع سرگودھا کے پرنسپل صاحبان نے 5 جون کو چک نمبر 74 جنوبی ضلع سرگودھا میں غزالی سکول سسٹم کا دورہ کیا۔ اسمبلی، ریکارڈ اور بچوں کی تعلیم کا جائزہ لیا گیا اور طلباء میں انعامات تقسیم کئے گئے۔


پرنسپل صاحبان نے چک 74 جنوبی میں غزالی سکول سسٹم کے پرنسپل ڈاکٹر شاہد اقبال اور اساتذہ شاہد محمود، محبوب علی اور محمد بلال کی لگن، جذبہ اور محنت کو سراہا اور کہا کہ صفائی، نظم وضبط اسمبلی اور بچوں کی انفرادی فائل بنانے کے حوالے سے غزالی سکول سسٹم چک 74 جنوبی ضلع بھر میں نمایاں اور قابل تقلید ہے۔


آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی لاہور
زیر انتظام: غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ



چیئر مین ٹرسٹ شادان لنڈ، (ڈی جی خان) میں سکول کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے



جام پور ضلع رحیم یار خان کے رئیس غلام شبیر
ڈائریکٹر LACD کا استقبال کرتے ہوئے


سیکرٹری جنرل GET غزالی سکول سسٹم گجہ
ضلع گجرات تقسیم انعامات کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے




سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان سید منور حسن
غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں تقسیم انعامات سے مخاطب ہیں


پراعتماد غزالین



سینئر وائس چیئر مین GET میاں مقصود احمد کلاس معائنہ کے دوران


اکیسویں صدی کی قیادت کیلئے تیار غزالین
پلاٹور، ٹوبہ ٹیک سنگھ


غزالی سکول ملکیانہ ضلع گجرات میں صباحی اجتماع کا ایک منظر


غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں طالبات کمپیوٹر کی تعلیم حاصل کرتے ہوئے


غزالین کا تعلیم میں انہماک


غزالی ایجوکیشنل سروسز مصنوعات ومطبوعات

# آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی

## جون 2001ء میں اکیڈمی کے تحت ہونے والے پروگراموں کی تفصیل

| تاریخ | موضوع | برائے | مقررین | شرکاء |
|---|---|---|---|---|
| 28 مئی | پاکستان میں این جی اوز کا کردار | عمومی | عطاءاللہ صدیقی | 35 |
| 9-10 جون | جنرل | سکولز علامہ اقبال فاؤنڈیشن، سیالکوٹ | سید وقاص انجم جعفری، پروفیسر رضوان اکرم رانا، سید عامر علی کاظمی، اسلم جاوید، فیصل ٹھاکر | 22 |
| 12 جون | ایجوکیشنل مینجمنٹ | ڈسٹرکٹ مینجرز پریپ | پروفیسر مہر سعید اختر، پروفیسر اشتیاق احمد گوندل، مشتاق احمد مانگٹ | 16 |
| 14 جون | جنرل | ثریا اشفاق ماڈل سکول، خورشید ماڈل سکول، فضل نور سکول | پروفیسر اشتیاق احمد گوندل، پروفیسر احمد شیر اعوان، مشتاق احمد مانگٹ، سید عامر علی کاظمی | 30 |
| 16-17 جون | اکاؤنٹس مینجمنٹ | دارارقم سکولز (لاہور، سیالکوٹ، وزیرآباد، بھلوال، فیصل آباد) | پروفیسر اشتیاق احمد گوندل، پروفیسر ڈاکٹر مدثر احمد، سید وقاص انجم جعفری، عامر محمود چیمہ | 16 |
| 16-18 جون | جنرل | انوویٹو سکول آف لرننگ (ISL)، لاہور | پروفیسر اشتیاق احمد گوندل، پروفیسر طارق چوہدری، سید وقاص انجم جعفری، محمد طیب میاں مشتاق احمد مانگٹ، حافظ عثمان، شفیق احمد، سید عامر علی کاظمی، فیصل ٹھاکر | 11 |
| 30 جون | تعلیمی جائزہ اور پیمائش | ثریا اشفاق ماڈل سکول، خورشید ماڈل سکول، فضل نور سکول | مشتاق احمد مانگٹ، محمد طیب میاں، اسلم جاوید، شفیق احمد | 37 |
| 28 جون تا 4 جولائی | فہم دین ورکشاپ | پریپ کے منتخب اساتذہ | پروفیسر حماد لکھوی، مولانا اسلم صدیقی، اظہر اقبال حسن، پروفیسر شبیر منصوری | 53 |

## تقرریاں

غزالی سیکرٹریٹ کے مطابق مشاورتی کونسل میں درج ذیل تقرریوں کی منظوری دی گئی۔

| | |
|---|---|
| مشتاق احمد مانگٹ | ڈائریکٹر LACD |
| عامر محمود چیمہ | پراجیکٹ ڈائریکٹر غزالی کالج برائے خواتین لاہور |
| ظہور احمد اعوان | جنرل مینجر غزالی ایجوکیشنل سروسز |
| محمد طیب میاں | ڈپٹی ڈائریکٹر آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی |
| فیصل ٹھاکر | ڈپٹی ڈائریکٹر آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی |
| سید عامر علی کاظمی | ڈپٹی ڈائریکٹر PREP (شمالی) |
| افتخار احمد شیخ | ڈپٹی ڈائریکٹر PREP (جنوبی) |
| شفیق احمد | ڈپٹی ڈائریکٹر HRD |
| مظہر اقبال | ایڈمن آفیسر، غزالی ایجوکیشنل سروسز |
| رؤف بلال | معاون شعبہ مالیات |

## پاکستان اوورسیز اکیڈمی کھاریاں میں پرنسپل ورکشاپ

اسلامی نظامت تعلیم کے تحت ضلع گجرات و منڈی بہاؤ الدین کے تعلیمی اداروں کے منتظمین کی ورکشاپ ہوئی۔ اس ٹریننگ سیشن میں ضلع بھر سے 40 سے زائد منتظمین نے شرکت کی۔ ورکشاپ سے سید وقاص انجم جعفری، ملک منظور حسین، ضیغم مغیرہ، ڈاکٹر خالد محمود ثاقب اور ملک محمد اشرف نے خطاب کیا۔

## عطیات برائے GSS

غزالی سکول سسٹم 195 ر۔ب جنڈانوالہ کے لئے علاقہ کی معروف شخصیات ڈاکٹر طفیل سعید اور ان کے بھائی محمد نذر صاحب نے بالترتیب 10 مرلے اور 1 کنال قطعہ زمین عطیہ میں دینے کا اعلان کیا ہے۔ 93 گ۔ب فیصل آباد سے نومنتخب کونسلر غلام رسول نے غزالی سکول سسٹم 93 گ۔ب کے لئے 10 مرلہ زمین بطور عطیہ دینے کا اعلان کیا ہے۔

- رجانہ کے لئے مقامی زمیندار نے 2 کنال اراضی بطور عطیہ دینے کا وعدہ کیا۔
- ریاض فاروق صاحب نے ڈھوک کاسب غزالی سکول سسٹم کے لئے ایک کنال زمین اور اس پر چار کمروں پر مشتمل بلڈنگ عطیہ کی ہے۔
- مقامی زمیندار میاں اللہ رکھا ورک نے سکول کے لئے ایک کنال اراضی بطور عطیہ دینے کا اعلان کیا۔

## ضلع بہاولپور میں نئے کھلنے والے سکولز

چک نمبر 7-B-C، چک نمبر 9-B-C عثمان آباد، جانووالہ، اُچ شریف، اُچ بخاری

## ضلع وہاڑی میں نئے کھلنے والے سکولز

چک نمبر 47/W-B، چک نمبر 57/WB، چک نمبر 159/WB بستی کالیہ شاہ

## ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ کا دورہ ضلع سرگودھا

ڈپٹی ڈائریکٹر PREP سید عامر علی کاظمی نے غزالی سکول سسٹم ضلع سرگودھا کا تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے ماہانہ پرنسپلز میٹنگ میں بھی شرکت کی، نصاب، ریکارڈ، اوقات نامہ، ورکشاپ، سمر کیمپ اور دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔

## اظہار تعزیت

غزالی سکول سسٹم خوشاب کے ڈسٹرکٹ مینجر اختر محمود کے صاحبزادہ اور فیصل آباد شمالی کے DMS ڈاکٹر امجد وسیم کے خالو چودھری محمد نعیم کا گزشتہ دنوں انتقال ہوگیا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ذمہ داران ان احباب کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور صبر جمیل کے لئے دعا گو ہیں۔

زیر اهتمام

انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

66۔ایف ماڈل ٹاؤن، لاہور۔فون: 042-5882939

ای میل: getpak@hotmail.com